## لندن کی معروف شخصیت حافظ مسرور الحسن کے بڑے بھائی حافظ مشکور الحسن کے انتقال پر الطاف حسین اور ایم کیوایم یوکے کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔ 9 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن کی معروف شخصیت اور پریزن سروس کے مسلم منسٹر حافظ مسرور الحسن کے بڑے بھائی اور واپڈا کے سینئر سابق سپرنٹنڈنٹ انجینئر حافظ مشکور الحسن کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان حافظ مسرور الحسن اور مرحوم کے تمام لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ حافظ مشکور الحسن مرحوم کی مغفرت فرمائے ،مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش ، جوائنٹ آرگنائزر عظمت بیگ ، جوائنٹ آرگنائزر فیض اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی حافظ مسرور الحسن سے ان کے بڑے بھائی مشکور الحسن کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

## کارکنان وہمدرد عوام ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین کے والد کی صحت یابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ 9 جنوری 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین کے والد کی علالت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی صحتیابی کی دعا کی ہے۔انہوں نے کارکنوں اور ہمدردوں سے بھی اپیل کی کہ وہ ناصر یامین کے والد کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## آٹے ،بجلی اور گیس کے بحران کے خاتمہ کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات کئے جائیں۔متحدہ قومی موومنٹ

## ملک میں آٹے کے بحران کے ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے۔ڈاکٹر عمران فاروق

لندن۔۔۔ 9 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے ملک میں آٹے ،بجلی اور گیس کے بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صدر پرویز مشرف ،نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو اور نگراں وفاقی کابینہ سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹے ،بجلی اور گیس کے بحران کے خاتمہ کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات کئے جائیں۔اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ آٹا ،بجلی اور گیس بنیادی ضروریات ہیں لیکن بیوروکریسی کے بعض عناصر کی غلط پالیسیوں کے نتیجے میں ملک میں آٹے کا بحران پیدا ہوا ،غریب عوام ایک طرف تو مہنگے داموں آٹا خریدنے پر مجبور ہیں جبکہ دوسری جانب وہ بجلی اور گیس کے بحران کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ڈاکٹر عمران فاروق نے صدر پرویز مشرف ،نگراں وزیراعظم محمد میاں سومرو اور نگراں وفاقی کابینہ سے مطالبہ کیا کہ ملک میں آٹے کے بحران کے ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے اور آٹے ،بجلی اور گیس کے بحران کے خاتمہ کیلئے فوری اور مؤثر اقدامات کئے جائیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں اور حق پرست نمائندوں نے محرم الحرم کے دوران قیام امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام اور مذہبی شخصیات سے ملاقاتوں اور رابطوں کا سلسلہ شروع کردیا

## مولانا ارشاد الحق تھانوی ،مولانا عون نقوی ،علامہ حسن رضوی اور علامہ مشتاق شاہدی سے شعیب بخاری کی ملاقاتیں

## متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد امیدواروں کا خیر العمل اور المحسن امام بارگاہوں کا دورہ

کراچی۔۔۔9،جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں اور حق پرست نمائندوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ہر سال کی طرح اس سال بھی محرم الحرم کے دوران قیام امن ،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارہ برقرار رکھنے کیلئے مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام اور مذہبی شخصیات سے ملاقاتوں اور رابطوں کا سلسلہ شروع کردیا ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے ممتاز علمائے کرام مولانا ارشاد الحق تھانوی ،مولانا عون محمد نقوی ، علامہ پروفیسر ڈاکٹر محمد حسن رضوی اور علامہ مشتاق حسین شاہدی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور انہیں محرم الحرم کے موقع پر بھائی چارے اور قیام امن کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا اور کہا کہ ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کی روشنی میں محرم الحرام کے دوران بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے

میں اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔انہوں نے علمائے کرام سے کہا کہ وہ اپنی تقاریراور خطبات میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی ،اتحاداور بھائی چارے کے فروغ کا درس دیں۔اس موقع پر علمائے کرام نے ایم کیوایم کے رہنماؤں کو فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں اپنے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے اس سلسلے میں ایم کیوایم کی مثبت کوششوں کو بھی سراہا۔اس موقع پر متحدہ علماء کمیٹی کے ارکان مولانا فیروز الدین رحمانی،انور رضا اور ناصر یامین بھی موجود تھے۔دریں اثناء ایم کیوایم کے امیدوار برائے قومی اسمبلی این اے 244 صلاح الدین،این اے 246 سفیان یوسف اور صوبائی اسمبلی کے امیدواروں خالد بن ولایت ایڈوکیٹ اور امام الدین شہزاد نے محرم الحرام کے دوران قیام امن، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے انچولی کی امام بارگاہ خیر العمل اور المحسن امام بارگاہ کا دورہ کیا اور انتظامیہ سے ملاقات کی۔انہوں نے امام بارگاہوں کی سیکورٹی اور ٹریفک کی روانی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔حق پرست میدواروں نے ایم کیوایم کی جانب سے انتظامیہ کو ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## شر پسند عناصر نے سانحہ راولپنڈی کی آڑلیکر کراچی کی ترقی اور امن وسکون کو برباد کرنے کی کوشش کی۔وسیم اختر
## قائد تحریک الطاف حسین کی بروقت حکمت عملی اور عوام کو صبر کی تلقین نے سندھ کو لسانی فسادات سے بچالیا
## ایم کیوایم چاہتی ہے کہ شہریوں کو انکی دہلیز پر انصاف اور سہولیات میسر آئیں۔ لائنز ایریا کے دورے کے موقع پر عوام سے گفتگو

کراچی۔۔۔9،جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد امیدوار برائے قومی اسمبلی این اے 251 وسیم اختر نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ عوام کی فلاح و بہبود اور ترقی وخوشحالی کیلئے سرگرم عمل ہے،متحدہ نے شب وروز محنت کر کے شہر میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کروائے اور امن وامان قائم کیا تاہم شرپسندوں اور جرائم پیشہ افراد کو شہر کا امن وسکون ایک آنکھ نہ بھایا اور انہوں نے سانحہ راولپنڈی کی آڑلیکر شہر کی ترقی اور امن وسکون کو برباد کرنے کی کوشش کی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ میں عوام سے ملاقات کے موقع پر کیا۔انہوں نے لائنز ایریا کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور گھر گھر جا کر علاقے کے بزرگوں،نوجوانوں اور خواتین سے ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر کمیٹی اراکین اور علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی انکے ہمراہ تھے۔انہوں نے کہا کہ 27 دسمبر کے افسوسناک واقعے بعد شہر کے حالات کو منصوبہ بندی کے تحت خراب کرنے کی کوشش کی گئی اور شرپسندوں نے شہریوں کی قیمتی املاک کو نقصان پہنچایا گیا اور سندھ میں لسانی فسادات کرانے کی کوشش کی گئی تاہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی بروقت حکمت عملی اور عوام کو صبر کی تلقین نے سندھ کو لسانی فسادات سے بچالیا۔انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ اپنے اتحاد سے سندھ کے عوام کو آپس میں لڑوانے کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔وسیم اختر نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی ستائیس سالہ جدوجہد میں متعدد نشیب وفراز آئے ،ریاستی آپریشن کے دوران بڑے کٹھن حالات کا سامنا رہا،ہمارے 15 ہزار سے زائد کارکنان کو شہید کیا گیا تاہم متحدہ نے کبھی صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔انہوں نے کہا کہ لائنز ایریا کے عوام ہر حال میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ رہے ، میڈیا اور مبصرین شاہد ہیں کہ جس وقت متحدہ پر ریاستی آپریشن کے ذریعے مظالم ڈھائے جارہے تھے اور لائنز ایریا سمیت کراچی کے متعدد علاقوں کو متحدہ کے کارکنان کیلئے نوگوایریا بنادیا گیا تھا اس وقت بھی عوام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین پر اندھا اعتماد کا اظہار کیا اور ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنایا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عوام کی فلاح و بہبود اور ترقی وخوشحالی کیلئے سرگرم عمل ہے اور چاہتی ہے کہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر انصاف اور سہولیات میسر آئیں۔انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب بنائیں تاکہ ترقی وخوشحالی کے سفر کو جاری رکھا جاسکے۔اس موقع پر لائنز ایریا کے عوام نے ایم کیوایم کی خدمات کو سراہتے ہوئے وسیم اختر کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

## ایم کیوایم پنجاب کے سینئر ڈپٹی آرگنائزر غیاث الدین جانباز سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔ 9 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پنجاب کے سینئر ڈپٹی آرگنائزر غیاث الدین جانباز سے ان کی بہو محترمہ نورین عارف کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ نورین عارف کی مغفرت فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆